2181 ـ کھڑے ہو کر وضوء کرنا، اور پانی پینا اور پیشاب کرنا

سوال

کیا کھڑے ہو کر وضوء کرنے، اور پانی پینے اور پیشاب کرنے میں کوئی حرج ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مسلمان کے لیے جس طرح آسانی ہو بیٹھ کر یا کھڑے ہو وضوء کر سکتا ہے، اور اس کے لیے کھڑے ہو اور بیٹھ کر پانی پینا جائز ہے، لیکن بیٹھ کر پانی پینا افضل ہے، اور اسی طرح ضرورت کی بنا پر کھڑے ہو پیشاب کرنا بھی جائز ہے، لیکن اس کی شرمگاہ کوئی دوسرا نہ دیکھ رہا ہو، اور نہ ہی پیشاب کے چھینٹے اڑ کر اس پر پڑھتے ہوں، لیکن بیٹھ کر پیشاب کرنا افضل ہے؛ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا غالب فعلی یہی تھا.